Jharkhand Council Of Educational Research and Training,

Ranchi

Model Question Paper 2024,2025

Class 11th,	.گیارہویں جماعت۔
Urdu Core,	.اردو کور
Time 30 mnt,	وقت 30 منٹ

ضروری ہدایات

اس پرچہ میں بیس معروضی سوالات ہیں ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔

مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کا جواب دیں۔

اللہ میاں نے اس دنیا میں کوئی چیز ایسی نہیں پیدا کی جو بے کار ہو یا حقیر و ذلیل سمجھی جا سکے۔ چار عنصر آگ، ہوا، پانی، خاک میں سب سے زیادہ بے حقیقت خاک ہے جو تمام مخلوقات کے پاؤں میں روندی جاتی ہے۔ پانی کے زور کے ساتھ یہ بہہ جاتی ہے۔ ہوا کے جھوکے سے اڑ جاتی ہے اور آگ کی تمازت سے جلا کرتی ہے مگر اف نہیں کرتی۔ دیکھنے میں اس کی بے چارگی اور ذلت پر ترس آتا ہے لیکن خود اس سے سوال کیا جائے تو خدا کا لاکھ لاکھ شکر کرے گی کہ میری شان سب سے بڑی اور نرالی ہے۔ ہر چیز کا خمیر میرے وجود سے تیار کیا۔ خاص کر انسان، جو اشرف المخلوقات ہے، مجھ سے پیدا ہوتا ہے اور مجھ ہی میں فنا ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 1. اللہ تعالی نے اس دنیا میں کون سی چیز بیکار بنائی ہے؟

1. ہوا (2) پانی (3) آگ (4) کوئی چیز نہیں

سوال نمبر 2. اس اقتباس میں چار عنصر کا ذکر آیا ہے چار عنصر کیا کیا ہیں؟

1. آگ، ہوا، پانی، خاک (2) آسمان، زمین، پانی آگ (3) مکان، دکان، کھیت، زمین (4) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3. ہوا کے جھونکے سے کون سی چیز اڑ جاتی ہے؟

1. آگ (2) پانی (3) خاک (4) آسمان

سوال نمبر 4. خدا کا لاکھ لاکھ شکر کون ادا کرے گی؟

1. آگ (2) خاک (3) ہوا (4) پانی

سوال نمبر 5. اشرف المخلوقات کون ہیں؟

1. جانور (2) درخت پیڑ پودے (3) انسان (4) ان میں سبھی

مندرجہ ذیل شعری اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کا جواب دیں۔

اے خاک ہند تیری عظمت میں کیا گماں ہے
دریائے فیض قدرت تیرے لیے رواں ہے

تیرے جبیں سے نور حسن ازل عیاں ہے
اللہ رے زیب و زینت کیا اوج عز و شاں ہے

ہر صبح ہے یہ خدمت خورشید پر ضیا کی
کرنوں سے گوندھتا ہے چوٹی ہمالیا کی

اس خاک دل نشیں سے چشمے ہوئے وہ جاری
چین و عرب میں جن سے ہوتی تھی آبیاری

سارے جہاں پہ جب تھا وحشت کا ابر طاری
چشم و چراغ عالم تھی سرزمیں ہماری

سوال نمبر 6. یہ نظم کن کی ہے؟
(1) علامہ اقبال (2) غالب (3) برج نرائن چکبست (4) حالی

سوال نمبر 7. دریائے فیض قدرت کن کے لیے رواں ہے؟
(1) ہندوستان کے لیے (2) پاکستان کے لیے (3) عرب کے لیے (4) کسی کے لیے نہیں

سوال نمبر 8. اس نظم میں کس پہاڑ کا ذکر کیا گیا ہے؟
(1) طور پہاڑ (2) جودی پہاڑ (3) ہمالیہ پہاڑ (4) میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9. چین و عرب کہاں کے چشمے سے سیراب ہوئے؟
(1) ایران کے (2) عرب کے (3) بنگلہ دیش (4) ہندوستان کے

سوال نمبر 10۔ سارے جہاں پہ کیا طاری تھی؟
(1) خوشی (2) دلآزاری (3) وحشت (4) روشنی

سوال نمبر 11. سرسید احمد خان کا کون سا مضمون آپ کے نصاب میں شامل ہے؟
(1) عورتوں کے حقوق (2) تعلیم و تربیت (3) گذرا ہوا زمانہ (4) ان میں سبھی

سوال نمبر12. رتن سنگھ کا افسانہ "ایک بڑا آدمی" میں کس کی کہانی ہے ؟

1. داروغہ کی (2) زمیندار کی (3) بڑھیا کی (4) ایک گھر کی

سوال نمبر13. اپ کے نصاب میں شامل "شمع پروانہ" نظم کس کی ہے ؟

(1) علامہ اقبال (2) میر (3) غالب (4) شاد عظیم آبادی

سوال نمبر14. عامر کام کر رہا ہے، جملہ میں عامر کیا ہے ؟

(1) فعل (2) فاعل (3) مفعول (4) ضمیر

سوال نمبر15. لفظ "تمازت" کے کیا معنی ہیں؟

(1) شدت کی ٹھنڈی (2) تیز ہوا (3) شدت کی گرمی (4) ٹھنڈا پانی

سوال نمبر16. لفظ "خوشبو" کا متضاد کیا ہے ؟

(1) خوبرو (2) خوشبودار (3) خوش (4) بدبو

سوال نمبر17. غزل کس زبان کا لفظ ہے ؟

(1) فارسی (2) عربی (3) ترکی (4) یونانی

سوال نمبر18. آپ کے نصاب میں شامل نظم "دوپہر" کس کی ہے ؟

(1) اقبال (2) فیض (3) اختر انصاری (4) حالی

سوال نمبر19. افسانہ "ڈائن" کے افسانہ نگار کون ہیں ؟

(1) شکیلہ اختر (2) جیلانی بانو (3) حیات اللہ انصاری (4) انتظار حسین

سوال نمبر20. سر سید احمد خان کس یونیورسٹی کے بانی ہیں؟

1. جامعہ ملیہ اسلامیہ (2) جوہر یونیورسٹی (3) جے این یو (4) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

Answer Key class 11th Urdu core

1- 4. 11- 2
2- 1. 12- 2
3- 3. 13- 1
4- 2. 14- 2
5- 3. 15- 3
6- 3. 16- 4
7- 1. 17- 2
8- 3. 18- 3
9- 4. 19- 1
10- 3. 20- 4